استفادہ کر سکیں گے۔

نفسِ مناظرہ جلد دوم۔ از جناب سید نہال احمد صاحب نقوی مرحوم۔ تقطیع خورد، ضخامت ۳۶۸ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد -/۴ ۔ پتہ :۔ سید شفیق المرتضیٰ صاحب نقوی۔ ۱۹۲۹ حویلی میر فضل لال کنواں، دہلی ۶

اس کتاب کی پہلی جلد پر چند ماہ ہوئے ان صفحات میں تبصرہ ہو چکا ہے۔ یہ دوسری جلد ہے جس میں فدک، متعہ، حضرت غوث اعظم کا نسب (بعض شیعہ ان کی سیادت کا انکار کرتے ہیں)، ان تین مباحث پر نہایت شرح وبسط کے ساتھ مدلل گفتگو کی گئی ہے۔ مصنّف مرحوم کی محنت اور شوق بیحد قابل داد ہے کہ ایک پنشن یافتہ سرکاری افسر ہوتے ہوئے شیعہ اور سنیوں کی تمام کتابیں کھنگال ڈالیں اور پھر اپنے حاصلِ مطالعہ کو بڑے سلیقہ اور خوش اسلوبی سے مرتب کر دیا۔ مناظرہ کی نفسیات یہ ہے کہ فریق ثانی پر تو اس کا اثر ہوتا نہیں ہے بلکہ بات کی پیچ اور بڑھ جاتی ہے البتہ سنیوں کو اس کتاب کا مطالعہ ضرور کرنا چاہئے اس سے ان کو معلوم ہوگا کہ ان کے اور شیعہ حضرات کے درمیان مختلف فیہا مسائل کون کون سے ہیں اور ان کے دلائل کیا ہیں؟

قرنِ اوّل کا ایک مدبّر

ایک حوصلہ مند عرب مدبّر کی زندگی کا تحقیقی جائزہ جس نے اہل بیعت کی حمایت کی اور ان کی شہادت کے انتقام کی مہم چلا کر موالی اور غلاموں کو عربوں کے سیاسی و معاشی استبداد سے نکالنے کی تحریک اٹھا کر اور مذہبی بہروپ بھر کر پہلی صدی ہجری (ساتویں صدی عیسوی) کے ربع ثالث میں حکومت قائم کی تھی۔ عرب جذباتی ماحول اور افتراق انگیز رجحانات کی متعدد کی ۔ ضخامت ۱۴۴ صفحات، سائز $\frac{18\times22}{8}$ طباعت کاغذ عمدہ، متعدد نقشوں کے ساتھ۔ آخر میں انڈکس بھی دیا گیا ہے قیمت فی جلد تین روپے۔

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد، دہلی ۶